**میں نے اپنی تعلیم کے اخراجات پورے کرنے کیلئے بچوں کو ٹیوشن پڑھائی، فٹ پاتھوں پر اسٹال لگائے۔ الطاف حسین**

**امریکہ گیا تو میں نے اپنے اور تحریک کے اخراجات کیلئے ٹیکسی چلائی اور اس میں شرم محسوس نہیں کی**

**تحریک کے ابتدائی دور میں لیاقت آباد میں ایک گھر کی پہلی منزل پر آفس کرائے پر لیا، میں خود بالٹی میں پانی بھر کر اوپر لیکر جایا کرتا اور باتھ روم کی صفائی تک اپنے ہاتھوں سے کیا کرتا تھا**

**ابتدائی دور میں بھی اپنے ہاتھوں سے آٹا گوندھ کر خود روٹی بنا کر ساتھیوں کو کھلاتا تھا اور آج بھی لندن میں میرا یہ معمول ہے کہ میں مہینہ میں ایک یا دو مرتبہ ساتھیوں کیلئے اپنے ہاتھوں سے کھانا بنا کر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ بھیجتا ہوں**

لاہور۔۔۔ 10 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جمعہ کو ایم کیو ایم کے زیر اہتمام الحمراء آرٹس کونسل لاہور میں ''غربت مہنگائی اور عوام کی مشکلات'' کے موضوع پر ہونے والے سیمینار سے خطاب کے دوران اپنی ابتدائی جدوجہد کے واقعات بھی بیان کئے جنہیں سن کر حاظرین حیران ہوگئے۔ انہوں نے حاظرین کو بتایا کہ مجھے یہ کہنے میں کوئی شرم محسوس نہیں ہوتی کہ میرا تعلق ایک متوسط گھرانے سے ہے، میں نے اپنی تعلیم کے اخراجات پورے کرنے کیلئے بچوں کو ٹیوشن پڑھائی، فٹ پاتھوں پر اسٹال لگائے، جب میں ایم کیو ایم کے ابتدائی دور میں امریکہ گیا تو میرے پاس ڈگری تھی لیکن مجھے اس وقت اپنے اخراجات اور تحریک کو چلانے کیلئے پیسے کی ضرورت تھی لہٰذا میں نے ٹیکسی چلائی اور اس میں شرم محسوس نہیں کی کیونکہ میں اس بات پر کامل یقین رکھتا ہوں کہ کوئی کام چھوٹا نہیں ہوتا اور انسان کو محنت کے کسی کام کو کرنے میں شرم محسوس نہیں کرنا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے بتایا کہ تحریک کے ابتدائی دور میں ہم نے لیاقت آباد میں ایک گھر کی پہلی منزل پر آفس کرائے پر لیا، میں اس وقت دن میں بوٹس (Boots) فیکٹری میں کام کیا کرتا اور شام میں پارٹی کے آفس جایا کرتا تھا، میں خود آفس کی صفائی کیا کرتا تھا، آفس کیلئے بالٹی میں پانی بھر کر اوپر لیکر جایا کرتا تھا اور آفس کے باتھ روم کی صفائی تک اپنے ہاتھوں سے کیا کرتا تھا، اپنے ہاتھوں سے آٹا گوندھ کر خود روٹی بنا کر ساتھیوں کو کھلاتا تھا اور آج بھی لندن میں میرا یہ معمول ہے کہ میں مہینہ میں ایک یا دو مرتبہ ساتھیوں کیلئے اپنے ہاتھوں سے کھانا بنا کر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ بھیجتا ہوں اور اس میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتا بلکہ اپنے ساتھیوں کیلئے کھانا بنا کر مجھے بہت خوشی ہوتی ہے۔

**پنجاب اسمبلی میں میڈیا کے خلاف قرارداد کی منظوری جمہوریت اور اسمبلی کے دامن پر سیاہ داغ ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار**

**پنجاب اسمبلی کو میڈیا سے معافی مانگنی چاہیے اور صحافیوں کے ساتھ بہیمانہ سلوک کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کی جانی چاہیے**

**وقت آگیا ہے کہ عوام پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ لادنے کے بجائے جاگیرداروں اور وڈیروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کیا جائے اور عوام کی معاشی حالت بہتر بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں**

**قائد تحریک الطاف حسین پاکستان کو ایسا فلاحی ملک بنانا چاہتے ہیں جس کا خواب قائداعظم اور علامہ اقبال نے دیکھا تھا**

**جب تک پاکستان مراعات یافتہ طبقہ کے چنگل سے نہیں نکلے گا اس وقت تک عوام کے مسائل حل نہیں ہوسکتے**

**برطانیہ کے شہر نوٹنگھم میں پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب**

لندن۔۔۔ 10 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں میڈیا کے خلاف قرارداد کی منظوری جمہوریت اور اسمبلی کے دامن پر سیاہ داغ ہے۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز برطانیہ کے شہر نوٹنگھم میں پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کی بحالی اور عوام میں شعور کی بیداری کے سلسلے میں میڈیا نے جو کردار ادا کیا ہے وہ ناقابل فراموش ہے لیکن جمہوری دور میں میڈیا پر قدغن لگانے کی کوشش کرنا اور میڈیا کو جمہوریت کے استحکام کیلئے خطرہ قرار دینا انتہائی افسوسناک ہی نہیں بلکہ قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اسمبلی میں میڈیا کے خلاف منظور کی جانے والی قرارداد نہ صرف واپس لی جائے بلکہ پنجاب اسمبلی کو میڈیا سے معافی مانگنی چاہیے اور جن ارکان نے صحافیوں کے ساتھ بہیمانہ سلوک کیا ہے انکے خلاف کارروائی کی جانی چاہیے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان آج کئی طرح کے مسائل سے دوچار ہے، ایک طرف عوام غربت، بیروزگاری، مہنگائی،

لوڈشیڈنگ اور معاشی بدحالی کا شکار ہیں تو دوسری طرف ملک کو دہشت گردی کا بھی سامنا ہے اور روزانہ کہیں نہ کہیں خودکش حملے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ عوام پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ لادنے کے بجائے جاگیرداروں اور وڈیروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کیا جائے اور عوام کی معاشی حالت بہتر بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین پاکستان کو ایسا فلاحی ملک بنانا چاہتے ہیں جس کا خواب قائداعظم اور علامہ اقبال نے دیکھا تھا، جہاں عوام کے ساتھ رنگ، نسل، مذہب اور عقیدے کی بنیاد پر کوئی امتیاز نہ کیا جائے اور سب کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان کے تمام مسائل کی جڑ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے، جب تک ملک اس مراعات یافتہ طبقہ کے چنگل سے نہیں نکلے گا اس وقت تک عوام کے مسائل حل نہیں ہو سکتے، ایم کیو ایم کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے اسی لئے کئے گئے کیونکہ ایم کیو ایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف ہے اور ملک میں تبدیلی لانا چاہتی ہے تاکہ ہم دوسروں کے غلام بننے کے بجائے ایک آزاد اور خودمختار قوم بنیں۔ تقریب سے نوٹنگھم کے سابق لارڈ میئر گل نواز، ایم کیو ایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد منشاء خان، پیپلز پارٹی برطانیہ کے صدر حسن بخاری، مسلم لیگ ق کے رہنما چوہدری نذیر، تحریک حق خودارادیت کشمیر کے رہنماؤں راجہ نجابت، سردار عبدالرحمٰن، مسلم کانفرنس کے صدر چوہدری مقصود اور مقامی کونسلروں اور دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔ شرکاء نے ڈاکٹر فاروق ستار کی نوٹنگھم آمد پر انہیں خوش آمدید کہا اور ملک میں غریب اور مڈل کلاس طبقہ کو آگے لانے پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر بیشتر شرکاء نے ڈاکٹر فاروق ستار کو سمندر پار پاکستانیوں کو درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا۔

## ایم کیو ایم نے این اے 235 سانگھڑ 2 کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار کی حمایت کا اعلان کر دیا ہے

## حق پرست امیدوار رمیش کمار مسلم لیگی امیدوار خدابخش راجڑ کے حق میں دستبردار

## مسلم لیگ فنکشنل کے وفد کی امتیاز شیخ کی سربراہی میں نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ نے این اے 235 سانگھڑ 2 کے ضمنی انتخاب میں حق پرست امیدوار کو مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار کے حق میں دستبردار کرنے اور ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان ہفتہ کے روز ایم کیو ایم اور مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماؤں نے نائن زیرو عزیز آباد میں ملاقات کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ قبل ازیں مسلم لیگ فنکشنل کا وفد ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پہنچا تو دو قطاروں میں کھڑے ایم کیو ایم کے درجنوں کارکنان نے وفد کے ارکان کا پرتپاک استقبال کیا اور فلک شگاف نعرے لگائے۔ مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء امتیاز شیخ کی سربراہی میں وفد نے نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، رضا ہارون، قاسم علی رضا، نیک محمد اور سلیم تاجک سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور حق پرست صوبائی وزراء خالد بن ولایت، شیخ محمد افضل اور نثار پنہور بھی موجود تھے۔ وفد میں این اے 235 سے مسلم لیگی امیدور حاجی خدابخش راجڑ، صوبائی مشیر برائے معدنیات ملک امام الدین شوقین اور رکن سندھ اسمبلی رانا عبدالستار بھی شامل تھے۔ بعدازاں جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے نائن زیرو آمد پر وفد کے ارکان سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور پیر صاحب پگارا کے درمیان محبت، خلوص اور احترام کا رشتہ ہے جسے سامنے رکھتے ہوئے رابطہ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر این اے 235 کے ضمنی انتخاب میں حق پرست امیدوار رمیش کمار ڈھوڈان کو مسلم لیگ فنکشنل کے امیدوار حاجی خدابخش راجڑ کے حق میں دستبردار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور عوام کے حقوق کیلئے دونوں جماعتیں پہلے ہی مشترکہ جدوجہد اور ایک دوسرے سے بھرپور تعاون کرتی رہی ہیں اور انشاءاللہ تعاون کا یہ سلسلہ مستقبل میں مزید پروان چڑھے گا۔ رضا ہارون نے پنجاب اسمبلی میں صحافیوں کے خلاف پیش کی گئی قرارداد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ قرارداد نہ صرف جمہوریت کے خلاف ہے بلکہ آزادی صحافت پر کھلا حملہ بھی ہے۔ انہوں نے صحافی برادری سے دلی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم صحافی برادری کے ساتھ ہے۔ انہوں نے مسلم لیگی امیدوار کو ضمنی انتخاب میں کامیابی کی پیشگی مبارکباد بھی پیش کی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جعلی ڈگری بدنامی کا باعث ہے اس بنیاد پر اسمبلی کا رکن بننا اخلاقی طور پر بھی غلط ہے۔ تمام جماعتوں کو متفقہ طور پر جمہوری مؤقف اختیار کرتے ہوئے جعلی ڈگری رکھنے والوں کے خلاف تادیبی کارروائی کا مطالبہ کرنا چاہئے۔ حیدرآباد کی حدبندی کے حوالہ سے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ جب مشاورت کے بغیر فیصلہ کے حوالہ سے ہم نے احتجاج کیا تو اس کا نوٹس لیا گیا اور یہ فیصلہ واپس لے لیا گیا۔ مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء امتیاز شیخ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا وفد پیر صاحب پگارا کی ہدایت پر نائن زیرو پہنچا ہے۔ دو روز قبل پیر صاحب پگارا نے قائد تحریک الطاف حسین کیلئے پیغام بھیجا تھا کہ وہ ہمارے امیدوار کے ساتھ تعاون کریں۔ ہم الطاف بھائی کے شکر گزار

ہیں کہ انہوں نے رابطہ کمیٹی کو حق پرست امیدوار دستبردار کرنے کی ہدایت کی اور میں پیر صاحب پگارا، پیر صدر الدین شاہ اور اپنی جماعت کی جانب سے الطاف بھائی اور ایم کیو ایم کے دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم اور مسلم لیگ فنکشنل پاکستان اور اس کے عوام کی خدمت کا جذبہ رکھتی ہیں اور آئندہ بھی مل جل کر کام کریں گی ۔انہوں نے صحافیوں کے خلاف قرارداد کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ صحافیوں پر نہیں بلکہ جمہوریت پر حملہ ہے ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سے ہمارے برسوں پرانے تعلقات ہیں اور ہم عوام کے مفاد میں مل کر چلیں گے ۔ بلدیاتی نظام کے حوالہ سے ہماری کوشش ہے کہ تمام جماعتیں ایسے نکات پر متحد ہو جائیں جو سب کیلئے قابل قبول ہوں ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کی حد بندی سمیت مشاورت کے بغیر جو فیصلہ کیا جائے گا ہم اس پر احتجاج کریں گے ۔انہوں نے مسلم لیگی امیدوار کی حمایت پر صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔

## کراچی میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ مزید بڑھانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،ارکان صوبائی اسمبلی

کراچی ۔۔۔10، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے کراچی میں لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ مزید بڑھانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس غیر منطقی اقدام کو عوام اور کاروباری افراد کے مسائل اور مشکلات میں مزید اضافہ کا سبب قرار دیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں پہلے ہی بجلی کے طویل دورانئے کی لوڈ شیڈنگ کے باعث کاروباری سرگرمیاں معدوم ہوگئی ہے، تاجر وصنعتکار دیگر جگہوں پر اپنے کاروبار کو منتقل کرنے پر مجبور ہیں جبکہ عوام کے معمولات زندگی بھی بری طرح سے متاثر ہو رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ شہر کے عوام بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے عذاب میں مبتلا ہیں اور انہیں لوڈ شیڈنگ سے نجات دلانے کے بجائے بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ مزید بڑھانا شرمناک عمل ہے اور شہر کی معاشی ترقی وخوشحالی پر کاری ضرب کے مترادف ہے ۔انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے شہر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ اور اس کے دورانیہ میں اضافہ کرنا پر امن شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کے ساتھ ساتھ انہیں احتجاج پر مجبور کرنا ہے تاکہ شہر میں نقص امن کا مسئلہ پیدا کیا جاسکے اور ملک کی معیشت کو نقصان پہنچایا جاسکے ۔حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرادری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ مزید بڑھانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،عوام کو بجلی کی سہولت کی تسلسل کے فراہمی کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں اور بجلی فراہمی کے متعلقہ ادارے سے اس ضمن میں سختی سے باز پرس کی جائے ۔

## ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے تحت عزیز آباد میں مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کی برسی کے موقع پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع

کراچی ۔۔۔10، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کی برسی کے موقع پر اجتماع منعقد ہوا جس میں محترمہ فاطمہ جناح کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی ۔ برسی کے اجتماع میں ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی انچارج وارا کین اور علاقائی سیکٹر و یونٹس کی خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر محترمہ فاطمہ جناح کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، ملک سے دہشت گردی کے خاتمے، ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی ۔ بعد ازاں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی انچارج وارا کین نے کہا کہ قیام پاکستان کی جدوجہد میں مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح نے عملی کردار ادا کیا ہے جو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا ۔انہوں نے کہا کہ تحریک آزادی ہو یا آمریت سے نجات کی جدوجہد اس میں مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئیں اور 1968ء کے عام انتخابات کے نتائج میں مشرقی پاکستان سے بھاری اکثریت میں ووٹ حاصل کرکے انہوں نے ثابت کردیا کہ وہ وفاق کی علامت تھیں اور ان کا شمار ان ہستیوں میں ہوتا ہے جو اپنے مشن اور مقصد کیلئے تن من دھن کی پرواہ نہیں کرتے ۔اس موقع پر انہوں نے محترمہ فاطمہ جناح کو قیام پاکستان کی جدوجہد میں عملی کردار ادا کرنے پر زبردست خراج عقیدت بھی پیش کیا۔

## ڈالمیا میں جرائم پیشہ منشیات فروشوں کی سرگرمیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔10 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گلشن اقبال کے علاقے ڈالمیا میں جرائم پیشہ افراد کی جانب سے مقامی آبادی کے مکینوں کو یرغمال بنا کر گھروں میں لوٹ مار، ہنگامہ آرائی اور آئے دن فائرنگ کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ڈالمیا میں جرائم پیشہ افراد کی سرگرمیوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ لیاری گینگ وار کے جرائم پیشہ و منشیات فروش عناصر نے ڈالمیا میں پناہ لے کر اس کو اپنی سرگرمیوں کا گڑھ بنا لیا ہے جس کے باعث اس علاقے کے رہائشی عوام کو شدید مشکلات و پریشانیوں کا سامنا ہے جبکہ ان جرائم پیشہ عناصر دو روز قبل فائرنگ کر کے مکینوں کے گھروں میں گھس کر لوٹ مار کی اور املاک کو نقصان پہنچایا جس کے باعث مکینوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے اور وہ نقل مکانی پر مجبور ہیں جبکہ گزشتہ روز بھی ان جرائم پیشہ عناصر نے علاقے میں کھلے عام فائرنگ کی اور مقامی افراد کے گھروں میں لوٹ مار کی اور ان کے اہلخانہ کو سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس وانتظامیہ کی جانب سے ڈالمیا میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کی سرکوبی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کسی بھی قسم کے مثبت اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے جو امن پسند عوام کیلئے باعث تشویش اور لمحہ فکریہ ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ ڈالمیا میں جرائم پیشہ منشیات فروشوں کی سرگرمیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور مقامی مکینوں کو لیاری گینگ وار کے جرائم پیشہ منشیات فروش عناصر سے نجات دلانے اور عوام کی جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

## حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہر لال کے فنڈز سے ہندو برادری کے شمشان گھاٹ میں ترقیاتی کام جاری ہے
## منوہر لال نے شمشان گھاٹ کا دورہ کیا اور ترقیاتی کام کے معیار کا جائزہ لیا

کراچی۔۔۔10، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہر لال نے گزشتہ روز پرانا گولیمار ریکسر لائن میں واقع ہندو برادری کے شمشان گھاٹ کا دورہ کیا اور اپنے ایم این اے فنڈز سے یہاں جاری ترقیاتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد اور جوائنٹ انچارج گوسوامی وجے مہاراج بھی ان کے ہمراہ تھے۔ منوہر لال نے شمشان گھاٹ میں جاری کام کے معیار کا جائزہ لیا اور عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کی تمام قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کو تسلیم کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم کے رکن قومی اسمبلی کے فنڈز سے آج ہندو برادری کے شمشان گھاٹ میں بھی ترقیاتی کام ہو رہا ہے اور یہ ترقیاتی کام جناب الطاف حسین کی انسانیت کی بے لوث خدمت کے جذبے کو ظاہر کرتا ہے۔

## رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ایلڈر رز ونگ کے کارکن محمد مشرف کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا

کراچی۔۔۔10، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم و ضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیو ایم ایلڈر رز ونگ گلشن اقبال سیکٹر یونٹ C-66 کے کارکن محمد مشرف خان ولد عبدالمجید خان (مرحوم) کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم تمام ذمہ داران و کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا شخص سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## سنی پرائیڈ گلشن اقبال کے رہائشی محمد زاہد خان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار لاتعلقی

کراچی۔۔۔10، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سنی پرائیڈ گلشن اقبال کے رہائشی محمد زاہد خان ولد محمد مشرف خان سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذرورہ فرد علاقے میں غیر قانونی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہے اور خود کو متحدہ قومی موومنٹ کا کارکن ظاہر کرتا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ فرد کا متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆